# 07-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) پرجا بھون حیدرآباد میں کل تمام پارٹیوں کے ارکانِ پارلیمنٹ کا اجلاس منعقد ہوگا تاکہ ریاست کے زیرالتوا مسائل کو مرکزی حکومت کے سامنے پیش کیا جاسکے۔

(۲) ریاستی حکومت مختلف اسمبلی حلقوں میں ساڑھے تین ہزار اندراماں مکانات فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

۳) ناگرکرنول میں 22 فروری سے سرنگ میں پھنسے آٹھ ورکروں کی تلاش کے لئے چار رکنی اے این وی آئی روبوٹکس ٹیم کو ایس ایل بی سی ٹنل میں روانہ کیا گیا ہے۔

اور

(۴) آئی آئی ٹی حیدرآباد اور کول انڈیا لمیٹڈ نے سنٹرل آف ایکسلینس فار کلین کول انرجی کے لئے ایک ایم او یو پر دستخط کئے ہیں۔

BJP_Womens_Day

مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی کا کہنا ہے کہ آئندہ انتخابات سے پہلے خواتین کے لئے پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں تحفظات نافذ ہوجائیں گے۔ نامپلی حیدرآباد میں پارٹی دفتر میں عالمی یوم خواتین کے موقع پر ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ حالانکہ پچھلی حکومت نے خواتین کے ریزرویشن سے متعلق بل پیش کیا تھا تاہم نریندرمودی کی قیادت میں این ڈی اے حکومت نے بل کی منظوری کو یقینی بنایا۔مودی حکومت کی جانب سے خواتین کے حقوق کے لئے کئی اقدامات شروع کرنے کا تذکرہ کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ حاملہ خواتین کو 26 ہفتے طویل رخصت اور تین طلاق سے خواتین کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے مختلف شعبوں میں خواتین کے رول کا ذکر کیا۔

Manage_Day

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایگریکلچر ایکسٹینشن مینجمنٹ نے آج عالمی یوم خواتین منایا۔اس تقریب میں این آئی این کے سابق ڈائریکٹر ایم ایس باجی، ایمرٹیس سائنٹسٹ، ترقی پسند کسانوں سلوچنا اور دامایتی نے شرکت کی۔ دھان، پھولوں اور آرگانک سبزیوں کی کھیتی کرنے والی خاتون کسانوں نے اس موقع پر اپنے تجربات ساجھا کئے۔

DA

ریاستی حکومت نے تلنگانہ آرٹی سی ملازمین کو بڑی راحت دیتے ہوئے مہنگائی بھتے، ڈی اے میں ڈھائی فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اس ضمن میں آج احکامات جاری کئے۔تقریباً تیس ہزار آرٹی سی ملازمین کو

اس سے فائدہ ہوگا۔حکومت کے اس فیصلے سے آر ٹی سی کو ہر ماہ تین اعشاریہ چھ کروڑ روپے کا اضافی مالی بوجھ عائد ہوگا۔ڈی اے میں اضافے کے علاوہ حکومت نے زیر التواء ڈی اے بقایا جات جاری کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔حکومت نے یہ فیصلہ ایسے وقت کیا جب آر ٹی سی ملازمین نے حال ہی میں ہڑتال کرنے کا انتباہ دیا تھا۔ملازمین کی جانب سے پیش کئے گئے بائیس مانگوں میں سے مہنگائی بھتہ کا ایک اہم مطالبہ شامل تھا۔ڈی اے میں اضافے کے اعلان کے ساتھ حکومت یہ امید ظاہر کررہی ہے کہ ملازمین کے مسائل حل ہوں گے۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آر ٹی سی انتظامیہ پرزور دیا کہ اضافی ڈی اے کی جلد تقسیم کو یقینی بنائیں۔ملازمین نے حکومت کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔تلنگانہ حکومت عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے کل اندرا مہیلا شکتی بسوں کی خدمات شروع کرے گی۔ابتدائی طور پر منڈل مہیلا سمکھا سنگھ کے ذریعے کرائے کی اساس پر ڈیڑھ سو بسیں متعارف کرائی جائیں گی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس کا افتتاح کریں گے۔

HOUSES:

ریاستی وزیر امکنہ پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا کہ حکومت آئندہ ہفتہ مختلف اسمبلی حلقوں میں ساڑھے تین ہزار اندراماں مکانات فراہم کرنے کے پروگرام کا آغاز کرے گی۔کھمم ضلع کے پالیرو میں آج میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ غریبوں کی خدمت کے لئے عوامی حکومت کی تشکیل کے پندرہ مہینے مکمل ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت کی مالی بے ضابطگیوں کی وجہ سے ریاست کی اقتصادی صورتحال خراب ہے لیکن اس کے باوجود حکومت انتخابات کے دوران ریاست کے عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کررہی ہے۔

Sound Byte

ریاستی وزیر نے یقین دلایا کہ تمام مستحق افراد کو راشن کارڈ ملے گا۔پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ سابقہ حکومت نے ترقی کے نام پر بدانتظامی پیدا کی تھی تاہم ان کی حکومت ترقی اور فلاح کو ترجیح دیتے ہوئے کام کررہی ہے۔

SLBC:

ناگر کرنول میں 22 فروری سے سرنگ میں پھنسے آٹھ ورکروں کی تلاش کے لئے چار رکنی اے این وی آئی روبوٹکس ٹیم کو ایس ایل بی سی ٹنل میں روانہ کیا گیا ہے۔اس ٹیم میں آئی آئی ٹی مدراس کے ایک پروفیسر بھی شامل ہے۔لاپتہ ورکروں کی تلاش کے لئے خصوصی ڈاگس کی مدد حاصل کی جارہی ہے۔روبوٹکس ٹیمیں کل سرنگ کے آس پاس کے علاقوں کا معائنہ کیا تھا۔ان ہی مشاہدات کی بنیاد پر اے این وی آئی روبوٹکس ٹیم نے آج اپنے آلات کا استعمال کرتے ہوئے تلاشی مہم کا آغاز کیا۔ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے چیف سکریٹری اروند کمار راحت و بچاؤ کاموں کی نگرانی کررہے ہیں۔ایک سرکاری پریس ریلیز کے

مطابق اروند کمار ناگر کرنول ضلع کلکٹر بی سنتوش اور پولیس سپر نٹنڈنٹ وی گائیکواڑ رگھوناتھ کے ہمراہ ریلیف کام انجام دے رہے ہیں۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں کے دوران صبح کے اوقات میں دھند چھائی رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ دو دنوں کے دوران اعظم ترین اوراقل ترین درجہ حرارت معمول سے دو سے تین ڈگری سلیس کم رہ سکتا ہے۔میدک میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 38.3 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

BANDI:

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے صفائی ورکروں سے آؤٹ سورسنگ کی بنیاد پر خدمات لینے کے حکومت کے فیصلہ پر سخت تنقید کی اور اسے ناانصافی قرار دیا۔حیدرآباد میں ایک بیان جاری کرتے ہوئے سنجے کہا کہ شہری علاقوں میں صاف صفائی کا اہم کام یہ صفائی ملازمین انجام دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی تنخواہوں میں اضافہ کے بجائی ریاستی حکومت نے میونسپل ڈرائیورس ورک انسپکٹرس کی تنخواہیں کم کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

ALL PARTY:

پرجا بھون حیدرآباد میں کل تمام پارٹیوں کے ارکانِ پارلیمنٹ کا اجلاس منعقد ہوگا تاکہ ریاست کے زیرالتوا مسائل کومرکزی حکومت کے سامنے پیش کیا جاسکے۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا اس اجلاس کی صدارت کریں گے۔اس دوران ریاست کے مختلف زیرالتوأ مسائل پر گفتگو ہوگی اور ارکانِ پارلیمنٹ کو ریاست کے مسائل پارلیمنٹ اور مرکزی حکومت کے سامنے اٹھانے کی ترغیب دی جائے گی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی مہمان خصوصی ہوں گے۔مرکزی وزرأ کشن ریڈی، بنڈی سنجے کے علاوہ ریاست کے تمام ارکانِ پارلیمنٹ کواس اجلاس کے لئے شخصی طور پر مدعو کیا گیا ہے۔

IPS:

ریاستی حکومت نے آج 21 آئی پی ایس آفیسروں کے تبادلے کئے ہیں۔ورنگل پولیس کمشنر امبر کشور جھا کا بھی تبادلہ کیا گیا ہے۔تلنگانہ اسپیشل پروٹیکشن فورس کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر انیل کمار کا تبادلہ کرتے ہوئے انہیں ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل آف پولیس (پرسنل) بنایا گیا ہے۔مہیش ایم بھاگوت کوایف اے سی کی اضافی ذمہ داری سے رخصت دی گئی ہے۔انہیں آئندہ احکامات تک ٹی ایس پی ایف کے ڈائرکٹر جنرل کے عہدہ پر تعینات کیا گیا ہے۔

FISHERIES:

مرکزی وزارتِ فشریز کی جانب سے کل حیدرآباد میں فشریز اسٹارٹ اَپ کانکلیو 2.0 منعقد کیا جارہا ہے۔اس کانکلیو میں محکمہ سے جڑے مختلف شراکت دار شرکت کریں گے۔محکمہ فشریز میں اسٹارٹ اَپ کے مواقع اورا یکوا کلچر کے ساتھ ای کامرس کے امکانات پر بھی غور ہوگا۔

BRS:

بی آرایس کے کارگذار کے ٹی راماراوٴ نے مرکزی حکومت کی جانب سے تجویز کردہ نئے انکم ٹیکس بل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ ڈیجیٹل پرائیویسی کے لئے سنگین خطرہ ہے۔انہوں نے آئی ٹی عہدیداروں کو دئے جارہے اختیارات پر مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارامن سے جواب طلب کیا ہے۔تارک راماراوٴ نے نئے بل کے ان دفعات کی طرف اشارہ کیا جس میں ٹیکس کے نفاذ کی آڑ میں حکومت کی رسائی میں اضافہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ نئے بل کے تحت ٹیکس کی جانچ کی آڑ میں شہریوں کے سوشیل میڈیا ای میل اورآن لائن ٹریڈنگ اکاوٴنٹس تک رسائی حاصل کی جارہی ہے۔

IIT COAL INDIA:

آئی آئی ٹی حیدرآباداورکول انڈیا لمیٹڈ نے مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کی موجودگی میں ایک ایم او یو پر دستخط کئے ہیں۔آئی آئی ٹی حیدرآباد میں 98 کروڑ روپے کی لاگت سے سنٹرآف ایکسلینس فار کلین کول انرجی اینڈ نٹ زیرو کے قیام کے لئے ایم او یو پر دستخط کئے گئے ہیں۔اس یادداشت مفاہمت کا مقصد ملک میں صاف کوئلہ کی تکنالوجیز کوفروغ دینا شامل ہے۔اس موقع پر مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا کہ ملک میں کوئلہ کے ذریعہ 72 فیصد بجلی پیدا کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آئندہ برسوں میں کوئلہ کی اہمیت مزید بڑھ جائے گی۔کشن ریڈی نے مزید کہا کہ حکومت کوئلہ کے شعبہ میں توانائی کی بجٹ اور آرٹیفیشل انٹلیجنس کا استعمال کے لئے اقدامات کررہی ہے۔

(SOUND BYTE KISHAN REDDY)

OO